© rasailojaraid.com

تبصرے

تفسیر ابن کثیر اردو پارہ ۱۴ تقطیع کلاں ضخامت ۶۹ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت درج نہیں پتہ :- نور محمد کارخانہ تجارت کتب آرام باغ کراچی۔

تفسیر ابن کثیر عربی زبان کی مشہور مفصل اور مستند تفسیر ہے۔ نور محمد کارخانہ تجارت کتب نے اسی کو اردو کا جامہ پہنا کر چھاپنا شروع کیا ہے۔ چودھویں پارہ کا یہ اردو ترجمہ ہمارے پاس تبصرہ کے لئے بھیجا ہے۔ ترجمہ بہت صاف سلیس اور شگفتہ ہے۔ اگر یہ ترجمہ مکمل ہو گیا تو اس کا فائدہ یہ ہو گا کہ اردو داں طبقہ بھی اس اہم تفسیر کے معانی و مطالب سے واقف ہو سکے گا۔

حیوانات قرآنی از مولانا عبد الماجد دریا بادی تقطیع خورد ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دو روپیہ پتہ :- مکتبہ ندوۃ المعارف بنارس۔

قرآن مجید میں جہاں عالم کائنات کی مختلف چیزوں کا ذکر ہے چرند پرند حشرات الارض اور دوسرے جانوروں کا بھی تذکرہ ہے۔ مولانا نے اس کتاب میں ان تمام حیوانات کو ایک جگہ حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا ہے اور ہر حیوان کے وہ افعال وخصائص جو قرآن مجید میں مذکور ہیں ان کی تشریح وتوضیح کرنے کے بعد قرآن میں جس غرض کے لئے ان حیوانات کا تذکرہ آیا ہے اس کو بیان کیا ہے اور کہیں کہیں علم الحیوانات کی جدید تحقیقات سے بھی کام لیا گیا ہے۔ اس طرح یہ کتاب قرآن میں بیان کئے ہوئے حیوانات سے متعلق مفید معلومات کا ایک مفید اور عمدہ مجموعہ بن گئی ہے جو قرآن کے طالب علم کے لئے بہرحال فائدہ سے خالی نہیں۔

مناجات مقبول ترجمہ وشرح از جناب مولانا عبد الماجد دریا بادی تقطیع خورد ضخامت ۱۶۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دو روپیہ پتہ :- عثمانیہ بک ڈپو ۱۰۲ لور چیت پور روڈ کلکتہ ۱

© rasailojaraid.com